# سیکرٹریٹ آزاد جموں وکشمیر زکوٰۃ کونسل

آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر

☆☆☆

''مظفرآباد''

مورخہ 06 اگست 2019ء

**نوٹیفکیشن !**

نمبرس زک/31-10317 /2019ء زکوٰۃ وعشر ایکٹ 1985ء کی دفعہ 27 کے تحت قواعد مرتب کرنے کے اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے آزاد جموں وکشمیر زکوٰۃ کونسل نے اپنے 150 ویں اجلاس میں حسب سفارش ذیلی کمیٹی زکوٰۃ ایکٹ کی دفعہ 9 کے تحت زکوٰۃ فنڈ سے براہ راست یا اداروں کے توسط سے اعانت حاصل کرنے والے افراد یا مقامی زکوٰۃ وعشر کمیٹی کی فہرستوں کے تحت شامل ہونے والے افراد کو زکوٰۃ فنڈ کی رقم ادا ہونے سے قبل ان کے استحقاق کے تعین کیلئے قواعد By laws نافذ کرنے کی منظوری صادر فرمائی ہے۔

1) **مختصر عنوان، اطلاق، ابتداء اور نفاذ**

(i) ان قواعد کو ''آزاد کشمیر میں مستحق اور نادار افراد کے استحقاق کے تعین کے قواعد 2019ء'' کہا جائے گا۔

(ii) ان قواعد کا اطلاق آزاد کشمیر کی حدود، حلقہ میں رہائش پذیر آزاد کشمیر کے مسلمان پشتینی باشندگان پر ہوگا۔

(iii) مستحق افراد کی فہرستیں مقامی زکوٰۃ وعشر کمیٹیاں ایکٹ کی دفعہ 9 کی ذیلی دفعہ (a) کے تابع تیار کریں گی اور ان فہرستوں کو متعلقہ ضلع زکوٰۃ وعشر کمیٹی باقاعدہ نوٹیفکیشن کی صورت میں جاری کرنے کے بعد اپنے دفتر میں کمپیوٹرائزڈ طریقہ کار کے مطابق محفوظ رکھے گی جیسا کہ آزاد کشمیر میں زکوٰۃ وعشر کمیٹیوں کی تشکیل، کاروائی کے قواعد میں دیا گیا ہو۔

(iv) آزاد کشمیر کی حدود میں قائم تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم نان سٹیٹ سبجیکٹ طلباء وطالبات بھی زکوٰۃ فنڈ سے مالی امداد بصورت وظیفہ جیسا کہ زکوٰۃ کونسل نے منظور کر رکھا ہو لینے کے حقدار ہونگے بشرطیکہ ان کے بھی استحقاق کا تعین اس ادارہ جہاں وہ زیر تعلیم ہوں کے سربراہ سے داخلہ کی تصدیق فراہم ہونے کے بعد وہ علاقہ جہاں وہ مستقل رہائش پذیر ہوں متعلقہ مجاز اتھارٹی یا کمیٹی جس نے ان کے استحقاق کا تعین/سرٹیفکیٹ جاری کرنا ہو سرٹیفکیٹ جاری کیا ہو۔

(v) ان قواعد کے نفاذ کے بعد تمام مقامی زکوٰۃ وعشر کمیٹیاں اپنی فہرست مستحقین کی چھان بین کرتے ہوئے افراد کے استحقاق پر فوری نظر ثانی کریں گی اور صرف ان افراد کو آئیندہ فہرست مستحقین میں شامل کیا جائے گا جو ان قواعد کے تحت مستحق زکوٰۃ قرار دیئے جاسکتے ہوں۔

(vi) ضلع زکوٰۃ افسران قواعد کی تمام مقامی زکوٰۃ وعشر کمیٹیوں تک ترسیل اور آئیندہ کیلئے ان پر عمل درآمد کروانے کے علاوہ ضلعی دفاتر سے استحقاق سرٹیفکیٹ کا اجراء ان قواعد کے تابع کرائے جانے کا ذمہ دار مقرر کیا جاتا ہے۔

(vii) چیئرمین مقامی کمیٹی اور تحویلدار یونین کونسل اس بات کو یقینی بنائے گا کہ مقامی زکوٰۃ وعشر کمیٹیوں کی جانب سے استحقاق کی تعین کیلئے تصدیق وضروری کاروائی ان قواعد کے تابع کی گئی ہے۔ استحقاق کی تصدیق پر تحویلدار یونین کونسل یہ تصدیق ثبت کرے گا کہ استحقاق کے تعین کی کاروائی تحت قواعد وضوابط ہوئی ہے۔

(viii) آڈٹ آفیسران/آڈیٹر جو ایکٹ کی دفعہ 11 کے تابع زکوٰۃ فنڈ کے آڈٹ کا فریضہ انجام دینگے کو پابند کیا جاتا ہے کہ وہ اعانت حاصل کرنے والے افراد یا وہ ادارے جن کے توسط سے اعانت فراہم ہوئی استحقاق سرٹیفکیٹ کی مکمل جانچ پڑتال کا فریضہ انجام دیں۔

(ix) یہ قواعد فوری طور پر نافذ العمل ہونگے۔

## 2) تعریفات اور تشریحات

ان قواعد میں بجز اس کے کہ کوئی بات سیاق وسباق سے مختلف ہو۔ جن اصطلاحات کی ان قواعد میں تعریف یا تشریح نہیں کی گئی ان کا مطلب یا ان سے مراد وہی ہے جو زکوٰۃ وعشر ایکٹ 1985ء کے تحت ہے۔

(i) ''بالغ'' کا مطلب ایک ایسا شخص ہے جو کہ میجارٹی ایکٹ 1875ء(No. IV of 1875) کے مطابق بالغ (Major) ہو یعنی اس کی عمر اٹھارہ سال یا اس سے زائد ہو۔

(ii) ''چیئرمین مقامی کمیٹی'' سے مراد زمقامی کوٰۃ وعشر کمیٹی کا چیئرمین ہے۔

(iii) مقامی زکوٰۃ کمیٹی سے مراد ایکٹ کی دفعہ 17 کے تحت تشکیل شدہ مقامی زکوٰۃ وعشر کمیٹی ہے۔

(iv) ''ایکٹ'' سے مراد زکوٰۃ وعشر ایکٹ 1985ء ہے۔

(v) ''نصاب'' سے مراد وہ رقم ہے جو ہر سال چیف ایڈمنسٹریٹر زکوٰۃ کی جانب سے مقرر کی جائے

(vi) ''صاحب نصاب'' سے مراد ایسا فرد ہے جو پورا سال اتنا مال رکھتا ہو جس کی مقدار نصاب کی رقم سے زائد ہو۔

(vii) ''بیوہ خاتون'' سے مراد ایسی خاتون ہے جس کے شوہر کے وفات پا جانے کے بعد اس کی اپنا معقول ذریعہ آمدن نہ ہو یا اس کے 18 سال سے کم عمر بچوں کی کفالت کی ذمہ داری بھی اس پر ہو اور گزربسر کا سامان میسر نہ ہو۔

(viii) ''معذور'' سے مراد ایسا شخص یا خاتون ہے جو کہ پیدائشی طور پر یا کسی حادثہ کے باعث ٹانگ یا بازو سے محروم ہو یا ہو گیا ہو یا پیدائشی طور پر یا کسی بیماری کا شکار ہو کر ان میں کسی ایسے نقص کا شکار ہو جس کے باعث وہ حرکت کرنے کی صلاحیت نہ رکھتا ہو یا حرکت کرنے میں دقت درپیش آتی ہو۔ ایسے فرد کو نادرا کی جانب سے مخصوص نشان کے ساتھ قومی شناختی کارڈ جاری گیا ہو یا ایسی معذوری جس سے وہ کسی قسم کی مزدوری کرنے کے قابل نہ ہو۔

(ix) ''مستحق'' سے مراد وہ بالغ شخص ہے آزاد کشمیر کی حدود میں متعلقہ مقامی زکوٰۃ وعشر کمیٹی جس کے دائرہ اختیار کے اندر وہ مستقل رہائش پذیر ہے اور شریعت کی رو سے زکوٰۃ وصول کرنے کے مستحق ہے' اور ان تمام یا ان میں سے کسی بھی بناء پر مقامی کمیٹی نے اس کا نام فہرست مستحقین میں مکمل تحقیق اور اتفاق کے بعد شامل کر لیا ہے ہو اور اسی سفارش کی بناء پر ضلع کمیٹی نے نوٹیفائی بھی کیا ہو اور اسکے حق میں استحقاق سرٹیفکیٹ جاری کر دیا گیا ہو۔

(ا) جو اپنی روزمرہ زندگی کیلئے روزی روٹی کا سامان نہ رکھتا ہے'

(ب) محتاج ہے،

(ج) غریب ہے جو بحالی یا غرب کی حالت سے بہتری حاصل کرنے کے قابل نہ ہے

(د) مفلوک الحال ہے'

(ر) معذور اور اپاہج ہونے کی بناء پر روزی روٹی کمانے کے قابل نہ ہے'

(ز) ایک بیوہ خاتون ہے، جو واحد ہے یا اس کے بیٹے اٹھارہ سال سے کم عمر ہیں، بچیاں ہیں جن کی وہ واحد کفیل ہے اور کوئی ذریعہ آمدن نہیں ہے اور روزانہ روزی روٹی کا سامان نہ رکھتی ہے۔

(س) ایسا شخص یا خاتون جو ضعیف ہونے کی بناء پر اپنی روزی روٹی کمانے کے قابل نہ ہے

(x) ''نادار'' سے مراد وہ شخص ہے جو نہ تو سرکاری ملازم ہو اور نہ ہی صاحب نصاب کے ذمرہ میں آتا ہو۔ ایسے فرد کا نام فہرست مستحقین میں شامل نہ ہو اس کی گذر بسر مشکل سے ہوتی ہے تاہم وہ بیماری کسی ناگہانی آفت یا دیگر کسی بھی وجہ سے اپنی بحالی کے اقدامات کی گنجائش نہ رکھتا ہو یا اپنے Dependents کے تعلیمی اخراجات برداشت نہ کرسکتا ہو۔ اس کی ماہانہ آمدن 10 ہزار روپے سے کم ہو۔

(xi) ''زیر کفالت کے استحقاق'' سے مراد کسی ایسے اشخص جسے مستحق قرار دیا گیا ہو اور مقامی زکوٰۃ وعشر کمیٹی نے اس کا نام فہرست مستحقین میں شامل کیا ہو اور ضلع زکوٰۃ وعشر کمیٹی نے اسے نوٹیفائی کیا ہو کے کنبہ کے کسی فرد (بیٹا جس کی عمر 18 سال یا کم ہو، بیٹی بیوی) کو اس بناء پر کہ سربراہ کنبہ سے حقیقی رشتہ ہے علاج، تعلیم یا کسی ایسی سہولت جو زکوٰۃ فنڈ سے مستحق زکوٰۃ کیلئے منظور شدہ سہولت کی فراہمی کیلئے استحقاق سرٹیفکیٹ جاری کیا جاسکے گا۔

(xii) گدا گر یا بھکاری سے مراد ایسے افراد ہیں پیشہ وارانہ طور پر باقاعدگی کے ساتھ امداد وصول کرنے کی خاطر مختلف مقامات پر موجود ہوں اور زکوٰۃ فنڈ سے بھی رقوم کے طلبگار ہوں۔

## 3) استحقاق کے تعین کیلئے معیار (Criteria) بذیل ہو گا

(i) ایک ایسا بالغ مسلمان جو غریب ہو، نادار ہو، مفلوک الحال ہو، کوئی بیوہ خاتون ہو یا ایک معذور فرد ہو جسے شریعت کی رو سے بھی مستحق قرار دیا جاسکے گا اور اس کی ماہانہ آمدن پانچ ہزار روپے سے کم ہو اور مستحق زکوٰۃ کی تعریف میں آتا ہو۔

(ii) اس کا کوئی بھی دیگر ذریعہ آمدن یا روزگار نہ ہو۔

(iii) وہ ایک پیشہ ور گداگر یا بھکاری نہ ہو۔

(iv) افراط زر کی شرح، کرنسی کی صورتحال و دیگر ملکی حالات اور اجناس کی قیمتوں کے پیش نظر بالا جز (i) میں مختص کی گئی رقم پر کسی بھی وقت بذریعہ ترمیم نظر ثانی کی جاسکے گی جس کیلئے مجاز فورم کی منظوری درکار ہوگی۔

## 4) استحقاق کے تعین کا طریقہ کار

(i) مقامی زکوٰۃ وعشر کمیٹی اپنے دائرہ کار کے علاقہ میں بسنے والے غریب مفلوک الحال نادار معذور اور بیوگان جو زشریعت کے تحت زکوٰۃ وصول کرنے کے حقدار ہوں کی عارضی فہرست تیار کرے گی۔

(ii) اس عارضی فہرست کی تیاری کے بعد مقامی زکوٰۃ وعشر کمیٹی اپنا اجلاس منعقد کرے گی جس میں متعلقہ تحویلدار یونین کونسل بھی لازمی طور پر شرکت کرے گا اور مقامی زکوٰۃ وعشر کمیٹی کے سیکرٹری کے طور پر روداد اور کئے گئے فیصلوں کی قلم بندی کرے گا۔

(iii) عارضی فہرست کے مطابق دوران اجلاس استحقاق زیر غور لایا جائے گا اور مقامی کمیٹی کا چیئر مین اور ممبران جس شخص کو مناسب خیال کریں ضروری تحقیقات کے بعد زکوٰۃ سے مالی امداد یا دیگر منظور شدہ سہولت حاصل کرنے کیلئے مستحق قرار دیں گے۔

(iv) مستحق قرار دیئے گئے افراد کی فہرست حتمی کی جائے گی اور تمام افراد سے سادہ کاغذ پر نمونہ میں دیئے گئے طریقہ پر حلفیہ بیان

حاصل کیا جائے گا جو کہ مقامی زکوٰۃ وعشر کمیٹی تحویلدار کے حوالہ کرے گی۔

(v) ایسے افراد جو از خود مقامی کمیٹی کو درخواست پیش کریں کہ انہیں زکوٰۃ فنڈ سے مالی مدد کی جائے ان سے بھی حلفیہ بیان حاصل کیا جائے گا اور استحقاق کے تعین کیلئے دوران اجلاس زیرِغور لایا جائے گا۔

(vi) حتمی کی گئی فہرست مستحقین پر چیئرمین مقامی زکوٰۃ وعشر کمیٹی و ممبران کے علاوہ تحویلدار یونین کونسل دستخط ثبت کرے گا اور یہ فہرست تحویلدار یونین کونسل ضلع زکوٰۃ وعشر کمیٹی کو ارسال کرے گا جسے باقاعدہ طور پر نوٹیفائی کیا جائے گا جیسا کہ زکوٰۃ کمیٹیوں کی کاروائی کے قواعد میں طریقہ کار درج کیا گیا ہے۔

(vii) اس نوٹیفائیڈ فہرست کے مطابق جب بھی کسی مستحق قرار دیئے گئے فرد کو کسی بھی سہولت کے حصول کیلئے استحقاق سرٹفیکیٹ درکار ہو تو چیئرمین ضلع زکوٰۃ وعشر کمیٹی اپنے دستخط سے استحقاق سرٹیفکیٹ جاری کرے گا۔

(viii) ایسے مستحق افراد جن کا نام مقامی زکوٰۃ وعشر کمیٹی کی فہرست مستحقین میں شامل ہو کے زیر کفالت حقیقی بیٹا (جس کی عمر اٹھارہ سال سے کم ہو) یا غیر شادی شدہ بیٹی، بیوی کے حق میں اس مستحق شخص کے زیر کفالت ہونے کی بناء پر علاج معالجہ، تعلیم یا غیر شادی شدہ بیٹی کے شادی بیاہ کیلئے اعانت زکوٰۃ فنڈ سے حاصل کرنے کیلئے استحقاق سرٹیفکیٹ جاری کیا جائے گا۔ اس سرٹیفکیٹ کی بنیاد صرف مستحق شخص کے زیر کفالت ہونے کی شرط لاگو ہوگی۔

(ix) استحقاق سرٹیفکیٹ مطابق نمونہ (قاعدہ 6) تمام ضلع کی زکوٰۃ وعشر کمیٹیاں کتاب کی شکل میں سبز روشنائی میں پرنٹ کرائیں گی جس پر حکومت آزاد جموں وکشمیر کو مونوگرام واضح ہونا چاہئے۔ استحقاق سرٹیفکیٹ کی بک باقاعدہ سیرل نمبر کے تحت ہوگی سیریل نمبر کے ساتھ دو پرت (ایک اصل اور ایک ڈپلیکیٹ) لازم ہیں جس پر جاری کئے گئے سرٹیفکیٹ کا ریکارڈ رکھا جا سکے۔ استحقاق سرٹیفکیٹ پر سرکاری مہر بھی ثبت کرنا لازم ہوگا۔ جاری کئے گئے استحقاق سرٹیفکیٹ کی نقل متعلقہ ضلع زکوٰۃ وعشر کمیٹی میں محفوظ رکھی جائے گی۔

(x) استحقاق سرٹیفکیٹ جس مقصد کیلئے کوئی فرد حاصل کرے گا اس کے علاوہ کسی دیگر مقصد کیلئے استعمال نہیں کیا جائے گا۔

(xi) مزید شرط یہ ہے افراد جنہیں براہ راست مالی امداد صوابدیدی فنڈ سے فراہم کی جاتی ہے ' وہ اتھارٹی جسے رقم منظور کرنے کا اختیار دیا گیا ہو خود اس فرد کے استحقاق کی ضروری چھان بین کے بعد کرے گی اس کیلئے مزید شرط یہ ہے کہ زادراہ کے علاوہ دیگر مالی امداد منظور کرتے ہوئے استحقاق سرٹیفکیٹ طلب کیا جائے جس میں نادار ہونے کی تصدیق شامل ہوگی۔

(xii) ایسے ادارے جو تعلیم صحت معذوری سے بحالی یا مستحقین زکوٰۃ کو کوئی بھی سہولت زکوٰۃ فنڈ کی رقوم سے فراہم کریں ان کیلئے لازم ہوگا کہ وہ استحقاق سرٹیفکیٹ کی نقل آڈٹ کیلئے اپنے ریکارڈ میں محفوظ رکھیں۔

**5) غلط استحقاق سرٹیفکیٹ کے اجراء/ بلا استحقاق حاصل کرنے کی سزا**

(i) کوئی بھی شخص یا زکوٰۃ کمیٹی یا ادارہ جس کے ذمہ زکوٰۃ فنڈ سے مالی امداد، تعلیم، صحت یا دیگر کسی بحالی کی غرض سے مستحق افراد کو سہولت فراہم کرنا ہے اگر استحقاق سرٹیفکیٹ کے بغیر وہ سہولت یا مالی امداد فراہم کرے تو اس سالم رقم کی ریکوری کے علاوہ نقد جرمانہ کی سزا بھی دی جا سکے گی۔

(ii) ایسا شخص جو مستحق زکوٰۃ کی تعریف میں نہ آتا ہو غلط بیانی کی بناء پر بلا استحقاق سرٹیفکیٹ حاصل کرے یا کرنے کی کوشش کرے کو جرمانے کے علاوہ قید کی سزا بھی دی جا سکے گی۔

**6) نمونہ حلفیہ بیان و استحقاق سرٹیفکیٹ**

# نمونہ حلفیہ بیان

میں مسمی/مسماۃ..................................... ولد/شوہر کا نام.....................................
جنس .................. کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈنمبر........................................ بیان کرتا/کرتی ہوں کہ میرا کوئی کسی دیگر سرکاری فلاحی ادارے سے مالی امداد حاصل کررہا ہوں میرا کوئی بھی ذریعہ آمدن/ روزگار/ وسیلہ نہ ہے اوراس بناء پر میں اپنی روزمرہ زندگی کیلئے روزی روٹی کا سامان نہ رکھتا ہوں۔ مجھے (معذور، غریب، مفلوک الحال، یتیم، بیوہ، ضعیف العمر بے روزگار) وجہ تحریر کی جائے .................... کی بناء پر مستحق زکوٰۃ قرار دیتے ہوئے میرا نام اس علاقے کی فہرست مستحقین میں شامل کیا جائے۔

نام معہ مکمل پتہ

گواہ/ شناخت کنندہ

**استحقاق سرٹیفکیٹ**

تصدیق کی جاتی ہے کہ.......................... ولد.......................... شناختی کارڈنمبر/ فارم ب نمبر.......................... جس کا نام/ والد کا نام مقامی زکوٰۃ وعشر کمیٹی.......................... کوڈنمبر.......................... کی فہرست مستحقین میں سیریل نمبر.......................... پر درج ہے جسے تحت قواعد مقامی زکوٰۃ وعشر کمیٹی نے مستحق ہونے کی تصدیق کی ہے کے حق میں حسب استدعا ''استحقاق سرٹیفکیٹ'' جاری کیا جاتا ہے۔ یہ استحقاق سرٹیفکیٹ زکوٰۃ فنڈ سے مالی اعانت/ شادی بیاہ کیلئے رقم/ علاج معالجہ/ حصول تعلیم کیلئے استعمال میں لایا جائے گا۔

ضلع زکوٰۃ افسر/ مجاز آفیسر

چیئرمین ضلع زکوٰۃ وعشر کمیٹی

مقامی کمیٹی کا نام وکوڈنمبر..........................................

sd/-

سیکرٹری زکوٰۃ کونسل چیف ایڈمنسٹریٹر

نقل بالا بخدمت:-

۱) سیکرٹری صاحب برائے جناب صدر آزاد جموں وکشمیر۔
۲) سیکرٹری صاحب برائے جناب وزیراعظم آزادحکومت ریاست جموں وکشمیر۔
۳) پرائیویٹ سیکرٹری صاحب ہمراہ جناب وزیر زکوٰۃ وعشر۔
۴) پرائیویٹ سیکرٹری صاحب ہمراہ جناب چیف سیکرٹری آزادحکومت ریاست جموں وکشمیر۔
۵) پرائیویٹ سیکرٹری ہمراہ جناب چیئرمین آزادجموں وکشمیر زکوٰۃ کونسل۔
۶) پرائیویٹ سیکرٹری ہمراہ جناب سیکرٹری زکوٰۃ وعشر آزادحکومت ریاست جموں وکشمیر۔

۷) جملہ سرکاری وغیر سرکاری ممبران آزاد جموں وکشمیر زکوٰۃ کونسل۔

۸) چیئرمین صاحبان ضلع زکوٰۃ وعشر کمیٹی مظفرآباد/نیلم/جہلم ویلی/باغ/حویلی/راولاکوٹ/سدھنوتی/کوٹلی/میرپور/بھمبر۔

۹) ایڈمنسٹریٹر صاحب زکوٰۃ وعشر۔

۱۰) ناظم صاحب سرکاری چھاپہ خانہ مظفرآباد برائے اشاعت سرکاری گزٹ۔

۱۱) جملہ آفیسران نظامت اعلیٰ زکوٰۃ وعشر

۱۲) جملہ چیئرمین صاحبان حلقہ زکوٰۃ وعشر کمیٹی۔

۱۳) جملہ تحویلداران ریکارڈز زکوٰۃ وعشر۔

۱۴) جملہ چیئرمین صاحبان وممبران مقامی زکوٰۃ وعشر کمیٹی۔

۱۵) ماسٹر فائل

سیکرٹری زکوٰۃ کونسل چیف ایڈمنسٹریٹر